## سانحہ مون مارکیٹ کے سوگ میں لاہور کی تاجر برادری اور شہریوں سے الطاف حسین کا اظہار یکجہتی

## سانحہ مون مارکیٹ کے شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور لاہور کی تاجر برادری کی ہڑتال اور سوگ کی مکمل حمایت کرتے ہیں

## سانحہ مون مارکیٹ کے شہداء کے لواحقین کو معاوضہ دیا جائے اور متاثرہ دکانداروں کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے

لندن ۔۔۔9 دسمبر 200

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سانحہ مون مارکیٹ لاہور کے سوگ میں لاہور کی تاجر برادری کی جانب سے آج کی جانے والی ہڑتال اور یوم سوگ کی مکمل حمایت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مون مارکیٹ میں بم دھماکوں میں کئی دکانداروں سمیت پچاس معصوم و بے گناہ نوجوانوں، بزرگوں، ماؤں بہنوں اور معصوم بچوں کی شہادت کا واقعہ ایک بڑا قومی سانحہ ہے جس پر ہر دردمند دل رکھنے والا فرد افسردہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان سانحہ مون مارکیٹ میں شہید ہونے والوں کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور مون مارکیٹ کے متاثرہ دکانداروں سمیت لاہور کی تاجر برادری اور عوام سے مکمل یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور ان کے سوگ اور غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے وفاقی وصوبائی حکومت سے اپیل کی کہ سانحہ مون مارکیٹ کے شہداء کے لواحقین کو معاوضہ دیا جائے اور متاثرہ دکانداروں کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔

## ایم کیو ایم کے تحت 9 دسمبر کو آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں یوم شہداء منایا گیا

## مرکزی اجتماع کراچی میں ہوا، شہیداء کے لواحقین، رابطہ کمیٹی و منتخب عوامی نمائندوں، ایم کیو ایم کے ذمہ داران کی شرکت

## رابطہ کمیٹی و حق پرست منتخب عوامی نمائندوں کی شہداء قبرستان میں حاضری، شہداء قبروں پر فاتحہ اور پھولوں کی چادر چڑھائی

## حیدرآباد سمیت اندرون سندھ تمام شہروں، پنجاب، سرحد، بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بھی یوم شہداء کے اجتماعات

## ذمہ داران و کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد شرکت شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا

کراچی ۔۔۔9، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 9 دسمبر کو ملک بھر میں یوم شہداء منایا گیا اور قائد الطاف حسین کی کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت ایم کیو ایم کے پندرہ ہزار سے زائد کارکنان کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ یوم شہداء کا مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائمخانی، اراکین رابطہ کمیٹی طارق میر، ڈاکٹر نصرت، وسیم آفتاب، کنور خالد یونس، شکیل عمر، کیف الورائی، اشفاق منگی، شاکر علی، سلیم تاجک، توصیف خانزادہ اور آنسہ ممتاز انوار، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین وٹاؤن کمیٹیوں کے حق پرست نمائندگان، ایم کیو ایم کے ونگیز وشعبہ جات کے ارکان، کراچی کے سیکٹرز و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران اور حق پرست شہداء کے لواحقین و دیگر عزیز و اقارب بھی شرکت کی۔ بعدازاں مولانا فیروزالدین رحمانی نے ناصر حسین شہید، عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی مغفرت، ان کے بلند درجات کیلئے اجتماعی فاتحہ خوانی کرائی، اس موقع پر حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیو ایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، ملک کی سلامتی، دہشت گردی کے خاتمے اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی بھی کی گئیں۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے عزیز آباد کے شہداء قبرستان جا کر قائد تحریک الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام شہداء کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادریں چڑھائی، اس موقع پر حق پرست منتخب نمائندے اور ایم کیو ایم کے مختلف ونگیز وشعبہ جات کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

کراچی کی طرح حیدرآباد و اندرون سندھ ایم کیو ایم کے تمام زونل دفاتر نوابشاہ، سانگھڑ، شکارپور، سکھر، میرپورخاص، کشمور، گھوٹکی، خیرپور، لاڑکانہ، نوشہروفیروز، ٹھٹھہ، بدین، قمبر شہدادکوٹ، ٹنڈوالہیار، جیکب آباد، عمرکوٹ، جامشورو، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان کے صوبائی وضلعی دفاتر، اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے دفاتر میں بھی برسی کے اجتماعات منعقد کیے گئے شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور تمام شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا، برسی کے ان اجتماعات میں حق

پرست منتخب نمائندوں، صوبائی و ضلعی، زونل کمیٹیوں کے ذمہ داران، ذیلی سیکٹرز و یونٹس کے عہدیداران، کارکنان اور ہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## سندھ کے باشعور عوام قادر مگسی جیسے جعلی قوم پرستوں کے جھانسہ میں ہرگز نہیں آئیں گے، رابطہ کمیٹی
## قادر مگسی کا مقصد سندھ کے حقوق کا حصول نہیں بلکہ سندھ دشمن قوتوں کی ایماء پر سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانا ہے
## سندھ کے مستقل باشندے اپنے اتحاد سے سندھ دھرتی کے خلاف کی جانے والی ہر سازش کو ناکام بنادیں گے
## سندھ میں یکجہتی کیلئے سندھی دانشوروں، قلمکاروں، اساتذہ کرام، شاعروں اور ادیبوں کو میدان عمل میں آکر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے

کراچی۔۔۔9، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھ کے باشعور عوام کو ہوشیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ قادر مگسی جیسے جعلی اور سندھ دشمن قوم پرستوں کے جھانسہ میں ہرگز نہیں آئیں گے کیونکہ عوام اچھی طرح جانتے ہیں کہ ان جعلی قوم پرستوں کا مقصد سندھ کے حقوق کا حصول نہیں بلکہ سندھ دشمن قوتوں کی ایماء پر سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ تیزی سے پھیل رہا ہے جسکی وجہ سے سندھ کے مستقل باشندوں میں شعوری بیداری کا عمل تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے، ان میں اچھے اور برے کی تمیز واضح ہورہی ہے، انکے درمیان ماضی کی غلط فہمیوں کے باعث پیدا ہونے والے فاصلے سمٹ رہے ہیں اور وہ متحد ہوکر سندھ دھرتی کے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں جسکے باعث قادر مگسی اور انکے حواریوں کے مکروہ عزائم خاک میں مل رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان اتحاد و یکجہتی کی فضاء قادر مگسی اور ان جیسے دیگر جعلی قوم پرستوں کو ایک آنکھ نہیں بھارہی ہے یہی وجہ ہے کہ وہ ہر بار ایجنسیوں کی ایماء پر سندھ دشمن بیانات دے کر سندھ کے معصوم عوام کی آنکھوں میں دھول جھونک کر انہیں گمراہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھی عوام ایسے جعلی قوم پرستوں سے ہوشیار رہیں جو اسٹیبلشمنٹ کے تنخواہ دار ہیں یہی وجہ ہے کہ تمام تر اشتعال انگیزیوں کے باوجود کبھی پولیس یا کوئی بھی ایجنسی ان جعلی قوم پرستوں پر ہاتھ نہیں ڈالتی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قادر مگسی اور ان جیسے دیگر جعلی قوم پرست چاہے جتنی بھی سازشیں کرلیں لیکن اب سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے کی کوئی بھی سازش کامیاب نہیں ہوسکتی اور انشاء اللہ سندھ کے مستقل باشندے اپنے اتحاد سے سندھ دھرتی کے خلاف کی جانے والی ہر سازش کو ناکام بنادیں گے۔ سندھ کے عوام باشعور ہوچکے ہیں اور انہیں یہ بات اچھی طرح سے ازبر ہوچکی ہے کون سندھ دھرتی ماں کے سچے سپوت ہونے کا حق ادا کررہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ میں یکجہتی کیلئے سندھی دانشوروں، قلمکاروں، اساتذہ کرام، شاعروں اور ادیبوں سمیت سندھ کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والوں کو اس وقت میدان عمل میں آکر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے کے ناپاک عزائم کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کیا جاسکے۔

## قومی سلامتی کے خلاف سازشیں کرنے والی جماعت اسلامی پر پابندی عائد کی جائے، قاسم علی رضا
## ندیم احمد شاہ فضائیہ کے سابق پائلٹ اور جماعت اسلامی کے رکن کے بھائی ہیں اور جنہیں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے جاسوسی کے الزام میں گرفتار کیا ہے
## جماعت اسلامی دہشت گردوں، تخریب کاروں اور ملک دشمن عناصر کی سرپرستی کررہی ہے

لندن۔۔۔9، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے جاسوسی کے الزام میں جماعت اسلامی کے رکن کے بھائی اور سابق پائلٹ ندیم احمد ایڈوکیٹ کی گرفتاری پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی سلامتی کے خلاف سازشیں کرنے والی جماعت اسلامی پر پابندی عائد کی جائے۔ ایک بیان میں قاسم علی رضا نے کہا کہ اخباری اطلاعات کے مطابق ندیم احمد شاہ فضائیہ کے سابق پائلٹ اور جماعت اسلامی کے رکن کے بھائی ہیں اور جنہیں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے جاسوسی کے الزام میں گرفتار کیا ہے اور ان کے خلاف جمعہ کے روز کورٹ مارشل کی کارروائی شروع کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل القاعدہ اور طالبان کے بدنام زمانہ دہشت گرد جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سے گرفتار کئے جاچکے ہیں اور جماعت اسلامی کے رہنما آج بھی مذہبی انتہاء پسندی اور دہشت گردی کی کارروائیوں کی کھل کر مذمت کرنے سے گریز کررہے ہیں۔ قاسم علی رضا نے کہا کہ جماعت اسلامی نے کبھی پاکستان کے وجود کو تسلیم نہیں کیا اور جماعتی رہنما قومی سلامتی کے خلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ندیم

احمد شاہ کی گرفتاری سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ جماعت اسلامی دہشت گردوں، تخریب کاروں اور ملک دشمن عناصر کی سرپرستی کررہی ہے۔قاسم علی رضا نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ جماعت اسلامی کی ملک دشمن کارروائیوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور قومی سلامتی کے خلاف سازشیں کرنے والی جماعت اسلامی پر فی الفور پابندی عائد کی جائے۔

## دہشت گردی کے خلاف ریلیوں، جلسوں اور جلوسوں میں لاکھوں کی تعداد میں عوام کی شرکت ریفرنڈم ہے، رابطہ کمیٹی

## احتجاجی ریلیوں، جلسوں اور جلسوں میں شرکت کرنے پر ملک بھر کے عوام سے اظہار تشکر

کراچی۔۔۔9، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر سانحہ لاہور مون مارکیٹ اور پاکستان میں دہشت گردی اور بم دھماکوں کے خلاف ملک بھر میں یوم سوگ منانے اور احتجاجی جلسے جلوسوں اور ریلیوں میں لاکھوں کی تعداد میں شرکت کرنے پر تمام قومیتوں، برادریوں، مذاہب اور مسالک کے ماننے والے افراد سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے اور ان کی لاکھوں کی تعداد میں شرکت کو دہشت گردی کے خلاف عوامی ریفرنڈم قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی واحد رہنما ہیں جنہوں نے سب سے پہلے طالبانائزیشن کی سازش کا پردہ چاک کیا اور اس کے خلاف بلاخوف وخطر آواز بلند کی اور موجودہ نازک ترین حالات میں بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی عوام خواہشات اور جذبات کی ترجمانی کررہے ہیں اور دہشت گردی کے خلاف اپنی قائدانہ صلاحیتوں کو استعمال کرکے عوام کو صحیح راہ دکھا رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس کے برعکس بعض سیاسی و مذہبی رہنماء طالبان دہشت گردوں کی کھلی دہشت گردیوں پر انہیں معصوم قرار دے رہے ہیں اور ان کی کھل کر حمایت کررہے ہیں جو ہر محبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو عناصر دہشت گردوں کی حمایت کررہے ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں اور وہ پاکستان کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے خلاف احتجاجی ریلیاں نکالنے اور سوگ منانے کا اعلان کیا جو عوام کی خواہشات کی مکمل ترجمانی کرتا ہے جبکہ یہ اقدام دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنما بھی کرسکتے تھے لیکن ان میں وہ صلاحتیں ہی موجود نہیں جن سے قدرت نے جناب الطاف حسین کو نوازا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک کے نازک ترین حالات میں ایم کیوایم کی واحد جماعت ہے جو دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے عفریت کا ڈٹ کا مقابلہ کرسکتی ہے اور رائے عامہ کو دہشت گردی کے خلاف ہموار کرکے دہشت گردوں کو ملک بھر سے صفایا کرسکتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ریلیوں اور مظاہروں میں عوام نے شرکت کرکے اپنا فیصلہ دیدیا ہے کہ وہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں اور دہشت گردی کا ملک بھر سے خاتمہ کرکے دم لیں گے۔رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے محلّہ کمیٹیاں بنائیں اور مشکوک عناصر پر کڑی نگاہیں رکھیں۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ طالبان دہشت گرد ملک کی سالمیت کے درپے ہیں اور معصوم عوام کو بے دردی سے اپنی سفاکانہ کارروائیوں کا نشانہ بنارہے ہیں ایسے حالات میں عوام متحد رہیں اور دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں مسلح افواج، سیکورٹی فورسز اور ایم کیوایم سے بھرپور تعاون کریں کیونکہ عوامی تعاون کی بدولت ہی دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو عبرت کا نشان بنایا جاسکتا ہے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر نارتھ ناظم آباد اور محمود آباد سیکٹر کے کارکنان کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا

## پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی بلدیہ ٹاؤن سیکٹر اور محمود آباد سیکٹر کے کارکنان کی چھ چھ ماہ کیلئے معطلی

کراچی۔۔۔9، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 174 کے کارکن فرید گل ولد گل محمد اور ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکنان عامر شاہ ولد مقصود احمد شاہ، ندیم ولد نور محمد، رمیز ولد محمد حنیف اور معاذ علی ولد ریاض علی کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 4 کے کارکنان رشید ولد مجید احمد، محمد شوکت ولد نور محمد اور ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن محمد طاہر خان ولد محمد مزمل خان کو چھ ماہ کی مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کے کارکن مقبول احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 65 کے کارکن مقبول احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن ریلوے یونٹ کے یونٹ انچارج صفیر احمد کی والدہ محترمہ حسنہ بیگم،ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ بزرٹہ لائن وارڈ 4 کے کارکن قیوم شاہ کی والدہ محترمہ بتولن،ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن عبیداللہ خان کی والدہ محترمہ رشیدہ بیگم،ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 140-A کے کارکن اشرف خان کے والد محمد یامین خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆